حکومت شارجہ نے جامعہ علوم اثریہ جہلم کے لیے

سالانہ 5 طلبہ کو سکالرشپ دینے کا اعلان کر دیا

جامعہ علوم اثریہ جہلم میں قاسمیہ یونیورسٹی شارجہ سے سکالرشپ پانیوالے

طلبہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

جہلم (   ) شارجہ یونیورسٹی میں تعلیمی میدان میں آپ نے پاکستان کا نام بلند کرنا ہے اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کیلئے نیک نامی کا ذریعہ بننا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مہتمم جامعہ علوم اثریہ جہلم حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی و نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے حکومت شارجہ کی طرف سے قاسمیہ یونیورسٹی (الجامعۃ القاسمیۃ) شارجہ سے سکالرشپ پانے والے طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ ایک الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس تقریب میں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، نائب مدیر حافظ عبدالغفور مدنی، جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ کے علاوہ جہلم کی سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی جن میں مرکزی انجمن تاجران سٹی جہلم کے صدر شیخ محمد جاوید (صائمہ کلاتھ سنٹر) پلائی وڈ فیکٹری (KDC) کے سربراہ میاں نعیم بشیر، انجمن اہل حدیث جہلم کے نائب صدر ارشد محمود زرگر، سیکرٹری صدیق احمد یوسفی، حاجی محمد اشرف (چوہدری جیولرز) اور عبدالمجید شاہد (کراچی لائٹ ہاؤس) کے علاوہ ڈی پی او جہلم جناب سرفراز ورک کے نمائندہ خالد ریاض ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر جہلم نے شرکت کی۔ مہتمم جامعہ نے خطاب جاری رکھتے ہوئے مزید کہا کہ دینی علوم کے طلبہ رسول اللہ e کے علوم کے حقیقی وارث ہیں۔ آپ خوش نصیب طلبہ نے جس طرح یہاں محنت سے تعلیم حاصل کر کے 90% سے زیادہ نمبر لئے اور وفاق المدارس السلفیہ کے امتحانات میں پاکستان بھر میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح آئندہ بھی محنت جاری رکھیں اور شارجہ کے تعلیمی حلقوں میں بھی پاکستان اور جامعہ علوم اثریہ کا نام بلند کریں۔ اس دوران جامعہ کے ہونہار ننھے منھے طلبہ نے تقاریر کیں اور نظمیں پیش کیں جن سے حاضرین متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ طلبہ کی طرف سے نمائندگی کرتے ہوئے جامعہ قاسمیہ سے سکالرشپ پانے والے ہونہار طالب علم حافظ عبیدالرحمٰن نے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور پھر اپنے اساتذہ اور والدین کا بھی شکریہ ادا کیا جن کی محنت اور تربیت کی وجہ سے آج ہم اس مقام پر پہنچے ہیں، تاجر برادری کی نمائندگی کرتے ہوئے مرکزی انجمن تاجران کے صدر شیخ محمد جاوید نے جامعہ علوم اثریہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ جامعہ جہاں طلبا و طالبات کی دینی، تربیتی، اصلاحی اور اخلاقی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ وہیں خدمت خلق کے کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتا ہے۔ سالانہ فری آئی کیمپ اثریہ ہسپتال بھٹیال اور اثریہ فری ڈسپنسری کے علاوہ مختلف علاقوں کے دیہات میں کنویں کھدوانا، ہینڈ پمپ لگانا، غریبوں اور یتیموں کیلئے وظائف کا اہتمام بھی کرتا ہے۔ انجمن اہل حدیث کے نائب صدر ارشد محمود زرگر نے جامعہ کے اساتذہ کی محنت کو داد دی جن کی شب و روز کی کوششوں، کاوشوں سے جامعہ علوم اثریہ کے طلبہ سعودی عرب کے بعد اب حکومت شارجہ کے سکالرشپ پر وہاں اعلیٰ دینی تعلیم حاصل کرنے کیلئے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او ضلع جہلم سرفراز ورک کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر خالد ریاض نے کہا کہ میں جامعہ کے طلبا کی عربی، اردو اور انگلش تقاریر سے بڑا متاثر ہوا ہوں اور میں جامعہ کے منتظمین اور اساتذہ کو داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے تقریب اختتام کو پہنچی۔ بعد ازاں شرکاء تقریب کی تواضع کا اہتمام تھا۔